# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday the April 25, 2025
(349th Session)
Volume V, No.02
(Nos. 01-04)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*
Volume V SP.V (02)/2025
No.02 15

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ........................................................ 1
2. Fateha ................................................................................................ 2
3. Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules .................. 2
4. Resolution moved on behalf of Senator Syed Mohsin Raza Naqvi for extension of the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024. ................................................................................................ 3
5. Introduction of [The Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2025] ...................................................................... 4
6. Presentation of report of Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2025] .............................................................................. 4
7. Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules .................. 5
8. Consideration and Passage of [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2025] .............................................................................. 5
9. Motion under Rule 263 moved by Senator Mohammad Ishaq Dar for dispensation of Rules .......................................................................... 6
10. Resolution moved by Senator Mohammad Ishaq Dar, condemning the orchestrated and mala fide campaign by the Indian government to malign Pakistan post Pahalgam attack of 22nd April, 2025 in Indian illegally occupied Jammu and Kashmir ............................................... 7
    - Senator Syed Shibli Faraz (Leader of the Opposition)............... 15
    - Senator Aimal Wali Khan ........................................................... 23
    - Senator Sherry Rehman.............................................................. 27

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, the April 25, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at forty minutes past eleven in the morning with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ اِذۡ یَرۡفَعُ اِبۡرٰہٖمُ الۡقَوَاعِدَ مِنَ الۡبَیۡتِ وَ اِسۡمٰعِیۡلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا ؕ اِنَّکَ اَنۡتَ
السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَ اجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَیۡنِ لَکَ وَ مِنۡ ذُرِّیَّتِنَاۤ اُمَّۃً مُّسۡلِمَۃً لَّکَ ۪ وَ
اَرِنَا مَنَاسِکَنَا وَ تُبۡ عَلَیۡنَا ۚ اِنَّکَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَ ابۡعَثۡ فِیۡہِمۡ
رَسُوۡلًا مِّنۡہُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتِکَ وَ یُعَلِّمُہُمُ الۡکِتٰبَ وَ الۡحِکۡمَۃَ وَ یُزَکِّیۡہِمۡ ؕ اِنَّکَ اَنۡتَ
الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۱۲۹﴾ؑ

ترجمہ: اور یاد کرو، ابراہیم اور اسماعیل جب اُس گھر کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے، تو دعا کرتے جاتے تھے: 'اے ہمارے رب! ہم سے یہ خدمت قبول فرمالے، تو سب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ اے رب، ہم دونوں کو اپنا مُسلِم (مُطیعِ فرمان) بنا، ہماری نسل سے ایک ایسی قوم اُٹھا، جو تیری مُسلِم ہو، ہمیں اپنی عبادت کے طریقے بتا اور ہماری کوتاہیوں سے در گزر فرما، تو بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔ اور اے رب، ان لوگوں میں خود اِنہی کی قوم سے ایک رسول اٹھائیو، جو انہیں تیری آیات سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کی زندگیاں سنوارے۔ تو بڑا مقتدِر اور حکیم ہے'۔

سورۃ البقرۃ (آیات ۱۲۷ تا ۱۲۹)

## Fateha

Mr. Chairman: The House may offer fateha for the deceased brother of Senator Fawzia Arshad.

مولانا عطاالرحمان صاحب ! سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ کے بھائی کی وفات ہوئی ہے، اُن کے لیے دعا فرما دیں۔

(اس موقع پر ایوان میں سینیٹر مولانا عطاالرحمان نے سینیٹر فوزیہ ارشد کے بھائی کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کرائی)

Mr. Chairman: There is an announcement. This House welcomes 60 students along with 3 faculty members of Defense University Islamabad who are sitting in the visitor's gallery.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: I request the Leader of the House to move for the suspension.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُولِہِ الکَرِیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

## Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules

Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House): It is hereby moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said Rules regarding question hour be dispensed with for today's sitting of the Senate and the questions and their answers placed on the table of the House, be taken as read. Thank you, Mr. Chairman.

Mr. Chairman: I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: We may take up some time bound formal business at Order No. 03 and 06. I will request, who will move Order No. 03? Now, Order No. 06 stands in the name of Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control, on his behalf Senator Tallal please move the resolution.

**Resolution moved on behalf of Senator Syed Mohsin Raza Naqvi for extension of the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024.**

Senator Muhammad Tallal Badar: I, on the behalf of Minister for Interior and Narcotics Control, move the following Resolution:-

> "That the Senate resolves to extend the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. XI of 2024), for a further period of one hundred and twenty days with effect from 27th April, 2025, under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

Mr. Chairman: Leader of the House, is it opposed? No. I now put the resolution before the House.

*(The resolution was adopted)*

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. Order No.05. Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice, please move Order No.05.

**Introduction of [The Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2025]**

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law and Justice): I wish to introduce a Bill to provide for the establishment of Whistleblower Protection and Vigilance Commission [The Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2025] and this may be referred to the Committee.

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 03. Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training may move Order No.03.

**Presentation of report of Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2025]**

Senator Bushra Anjum Butt: I, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, present report of the Committee on a Bill to establish the Nippon Institute of Advanced Sciences [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2025], laid by Senators Danesh Kumar, Kamran Murtaza and Rana Mahmood ul Hassan on 27th January, 2025.

Mr. Chairman: Report stands laid.

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: ابھی اس کو follow کرتے ہیں۔

Bill as reported by the Standing Committee, Senators Danesh Kumar, Kamran Murtaza and Rana Mahmood ul

Hassan may move Order No. 13 on the supplementary orders of the day. Who will move?

دنیش کمار! آپ move کریں۔

**Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules**

Senator Danesh Kumar: I move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 25 the said Rules be dispensed to enable the House to take up the Private Member's Bill titled [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2025] for consideration as forwarded by the National Assembly and Standing Committee of the Senate.

Mr. Chairman: Kamran Murtaza, will you move? May we club it? Any objections? No objections. If there are no objections, I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously.

**Consideration and Passage of [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2025]**

Mr. Chairman: We take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 47, There is no amendment in the clauses 2 to 47, so I will put these clauses as one question. The question is that clauses 2 to 47 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 47 stand part of the Bill. Schedule. There is no amendment in Schedule. So, I

will put the Schedule before the House as one question. The question is that Schedule do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Schedule stands part of the Bill. Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No. 14. Senator Danesh Kumar, Senator Kamran Murtaza and Senator Rana Mahmood-ul-Hassan may move Order No. 14 on the Supplementary Orders of the Day.

Senator Danesh Kumar: I, Senator Danesh Kumar on behalf of Senators Kamran Murtaza and Rana Mahmood-ul-Hassan move that the Bill to establish the Nippon Institute of Advanced Sciences [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2025], be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted, and the Bill stands passed unanimously. Leader of the House, please.

## Motion under Rule 263 moved by Senator Mohammad Ishaq Dar for dispensation of Rules

Senator Mohammad Ishaq Dar: (Leader of the House) Thank you Mr. Chairman, I hereby move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of Rules 26, 29, 30, and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to move and pass a resolution on the recent developments in India-Pakistan relations.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Please move the resolution.

## **Resolution moved by Senator Mohammad Ishaq Dar, condemning the orchestrated and mala fide campaign by the Indian government to malign Pakistan post Pahalgam attack of 22nd April, 2025 in Indian illegally occupied Jammu and Kashmir**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین ! بہت شکریہ۔ تھوڑی سی تفصیل میں اس ایوان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ اس کے بعد جو ہماری unanimous resolution بنی ہے میں اس کے لیے بھی تہہ دل سے شکر گزار ہوں، قائدِ حزبِ اختلاف، تمام اپوزیشن جماعتوں اور حکومتی اتحادیوں کا کہ یہ ایک ایسا معاملہ ہوا ہے اور ہے جس کے اوپر ہمیشہ اس ایوان نے، اس قوم نے unanimity دکھائی ہے، اتحاد دکھایا ہے اور ایک message دیا ہے۔ اسی spirit کے ساتھ آج ایوان میں آنے سے پہلے بلکہ کل سے ہماری engagement تھی لیکن final ایک unanimous resolution تیار کی گئی ہے۔ میں پورے ایوان کی جانب سے پیش کروں گا لیکن میں تھوڑی سی تفصیل عرض کر دوں کہ 22 اپریل کو پہلگام میں ایک واقعہ پیش آیا، وزیراعظم سرکاری دورے پر انقرہ میں پہنچے ہی تھے، میں اُن کے ہمراہ تھا۔ ہم نے پھر وزارت خارجہ سے active contact رکھا اور ساری دنیا کا obviously focus ادھر تھا۔ ہم نے بھی accordingly صبح early morning کوئی رات تین بجے final کیا اور صبح Foreign Office کی طرف سے ہم نے پھر ایک statement جاری کی اور میں اس ایوان کی information کے لیے پڑھ دیتا ہوں اور میں ریکارڈ پر بھی رکھ دیتا ہوں۔

We are concerned at the loss of tourist lives in an attack in Anantnag district of Indian illegally occupied Jammu and Kashmir. We extend our condolences to the near ones of the deceased and wish the injured a speedy recovery.

یہ document public ہے اور MOFA کی website پر بھی ہے، پھر ہم انتظار کر رہے تھے کہ how things will move اگلے دن ہم واپس پہنچے۔ شام کو ان کی early meeting تھی، کوئی گیارہ بجے مودی صاحب Saudi Arabia trip سے واپس آ گئے اور as expected to our great surprise انہوں نے تقریباً شام چھ بجے meeting ختم کی اور جب meeting ختم ہوئی تو ان کی طرف سے as usual بڑے عجیب قسم کے directly پاکستان کا نام تو نہیں لیا، لیکن پاکستان کے اوپر یعنی واقعہ ادھر ہوا کوئی کسی قسم کے بھی نہ کوئی شواہد پیش کیے، اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس کو link کیا جاتا لیکن action لینے کا مطلب ہے کہ آپ ہمیں blame کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے حکومت کی طرف سے اسی رات کو جو actions لیے تو ہم نے پھر اگلے دن ہی صبح National Security Committee کی میٹنگ بلائی اور اس میں عسکری اور سول قیادت دونوں شریک تھے۔

اس پر تفصیل سے جائے بغیر obviously جو فیصلے کیے وہ میں سمجھتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے notice میں ہونے چاہییں۔ جو پہلا انہوں نے ہمارے اوپر Indus waters treaty کے حوالے سے اس کو in abeyance رکھا تو آج بھی جو ہماری گفتگو ہو رہی تھی اور National Security Committee میں بھی اس کو مکمل طور پر مسترد کیا گیا۔ کیونکہ یہ treaty ہے اور treaty میں لکھا ہوا ہے کہ اگر اُس کو ختم کرنا ہے تو consensus سے ہو گی، اگر اُس میں ترمیم کرنی ہو تو consensus سے ہو گی، اگر کوئی آپس میں dispute ہے تو اُس کی arbitration ہے اور World Bank اُس میں شروع سے involved ہے۔ یہ کوئی دو تین سال سے انڈیا کی طرف سے اس Indus waters treaty کے حوالے سے خط وکتابت ہو رہی ہے۔ وہ ایک separate chapter ہے، اگلی بھی شاید مئی کی آٹھ تاریخ ہے جو response جانی ہے، تو انہوں نے اس موقع پر پہلا جو وار ہمارے اوپر کیا تو وہ اس Indus waters treaty کو declare کیا جس کو جو in abeyance کر رہے ہیں۔ پاکستان کے چوبیس کروڑ عوام کی یہ پانی life-line ہے۔ اب تو predication یہ ہو رہی ہے کہ future کی جنگیں شاید پانی پر ہوں گی۔ یہ تو afford ہی نہیں کر سکتے کہ اب جو Indus waters treaty ہے اس کے اوپر بحث کیے بغیر میری information کے مطابق water کے اوپر ایسی

treaty ہے جس پر صرف پانی کی distribution نہیں ہے بلکہ پاکستان نے اپنے دو دریا چھوڑ دیے ہیں، یعنی اس treaty میں پاکستانی ہونے کے حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ this is the biggest negativity بہر حال وہ دہائیوں پہلے ہوئی ہوئی ہے۔ دونوں ممالک اس کو honour کر رہے ہیں۔

آپ کو یاد ہو گا جب یہ Neelum-Jhelum بنا اس کی main background یہی تھی کہ انڈیا نے upper riparian کے حوالے سے water reservoirs جو کہ دونوں کو mutual consent سے بنانے تھے وہ انہوں نے شروع کر دیے اور پھر پاکستان میں بھی اس وقت Neelum-Jhelum کو شروع کرنا پڑا۔ یہ شاید واحد منصوبہ تھا جو اتنی جلدی میں شروع کیا گیا کہ PC-1 کا بھی process مکمل نہیں ہوا تھا، it is a history لہٰذا، میں عرض کروں کہ اس پر unanimity کے ساتھ National Security Committee نے کہا کہ یہ کسی قیمت پر بھی acceptable نہیں ہے۔ یہ life-line ہے اور یہ virtually it is tantamount to declaring war تو ہم اس کو اسی spirit سے لے رہے ہیں اور ہم نے اس کا پہلا فیصلہ جو پاکستان نے کیا، کہ ہم نے اُس کو reject کیا ہے اور caution کیا ہے کہ جتنی bilateral treaties ہیں ہم بھی ان کو suspend یا in abeyance کریں گے اور اس میں ہم نے especially اس treaty کی طرح جو میں نے دریاؤں کا ذکر کیا تو Simla Agreement کا بھی ایک معاہدہ ہے۔ ہم کئی issues پر bilateral bound ہیں۔ we cannot go to multilateral forum یہ فیصلہ نمبر ا تھا۔ دوسرا جو انہوں نے فیصلہ کیا وہ Attari border کو بند کیا۔ تو ہم نے کل فیصلہ کیا کہ Wagah border کو فوری طور پر بند کر دیا جائے گا جو لوگ انڈیا سے cross-border کر کے ادھر آئے ہوئے ہیں وہ 30April,2025 تک واپس چلے جائیں۔

جناب والا! دوسرا انہوں نے جو ویزے دیے ہوئے تھے جو SAARC visa exemption scheme ہے SAARC visa جسے کہتے ہیں وہ ہمارے

they are بہت کے ہوتے ہیں by the way کے پاس بھی parliamentarians entitled to on the blue passports تو ان کو انہوں نے cancel کر دیا ہے۔ ہم نے بھی کل فیصلہ کیا ہے کہ تمام SAARC visas جو انڈین کے پاس ہیں ان کو cancel کر دیا ہے، ماسوائے سکھ یاتریوں کے ان کے ویزے بدستور مؤثر رہیں گے اگر وہ آنا چاہتے ہیں تو ان کو نہیں روکا نہیں جائے گا۔ اس کے لیے obviously کرتار پور ایک ان کی main جگہ ہے۔

جناب چیئرمین: یہ بتائیں کہ جو واہگہ بارڈر کے through آتے تھے ان کا کیا ہوگا؟

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: وہ نہیں آ سکیں گے۔ Wagha boarder has been closed. کیونکہ انہوں نے Attari بند کر دیا ہم نے واہگہ۔ that stands closed. یہ ہمارا فیصلہ تھا اس لیے ان کو 48 گھنٹے دیے گئے ہیں۔ other than sikh pilgrims میں clarify کر رہا ہوں وہ تمام لوگ جو SAARC visas کے اوپر اس وقت پاکستان میں جو انڈین موجود ہیں وہ 48 گھنٹوں کے اندر پاکستان سے نکل جائیں۔

تیسرا انہوں نے ہمارے جو defence, naval and air attaches ہوتے ہیں یا advisors ہوتے ہیں جو ہماری ایک core team ہوتی ہے armed forces کی نمائندگی کرتے ہوئے ان کو انہوں نے persona non grata declare کیا اور ان کو کہا کہ یکم مئی تک نکل جائیں۔ ہم نے بھی ان کے Indian defence, naval اور air advisors جو اسلام آباد میں ہیں ان کو persona non grata declare کیا ہے اور ہم نے انہیں ایک دن پہلے یعنی 30 اپریل تک وقت دیا ہے کہ وہ یہاں سے نکل جائیں اور انڈیا کے High Commission کے حوالے سے ماضی کے جو ہمارے bilateral arrangements ہیں انہوں نے annul کیا ہے ہم نے بھی annul کر دیا ہے۔ یہ tit for tat والی بات ہے۔

چوتھا ہمارا High Commission جو کہ New Delhi میں ہے، وہ اس کی strength 55 سے reduce کر کے 30 پر لے آئے ہیں تو reciprocally کل ہماری

قومی سلامتی کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ اسلام آباد میں انڈیا کے High Commission کی بھی strength 30 سے زیادہ نہیں ہو گی اور یہ بھی 30 اپریل، 2025 سے effective ہو گا۔

یہ وہ چیزیں ہیں جو virtually reciprocal ہیں لیکن کل ہم نے دو چیزیں in addition کی ہیں۔ ایک یہ ہے کہ جتنی بھی trade with India, including to and from any third country through Pakistan has been suspended forthwith with immediate effect اور آخر میں پاکستان کی airspace جس کے ذریعے انڈیا کی تمام commercial flights, Indian owned and Indian operated airlines وہ یہاں سے cross کرتی تھیں اور obviously تقریباً دو گھنٹے بچتے ہیں جب آپ نے air travel کرنا ہوتا ہے تو کل سے ہم نے تمام Indian owned and Indian operated airlines کے لیے پاکستان کی airspace بند کر دی ہے۔

میں عرض کروں کہ diplomatically and politically فیصلے ہو گئے ہیں۔ Parliamentary and politically ہم سب ایک page پر ہیں۔ الحمدللہ یہ ایک demonstration ہے اور میں ایک مرتبہ پھر تمام political parties کا مشکور ہوں اور Leader of the Opposition کا کہ انہوں نے ہمارا جو draft resolution تھا اسے خندہ پیشانی کے ساتھ اور کھلے دل کے ساتھ ہمارے ساتھ مل کر mutually improve کیا جو and draft نے Foreign Office initial draft as per practice پیش کیا تھا۔

Diplomatic moments جاری ہیں۔ 26 countries جو کل Foreign ان کو including P5s تھیں immediately available Secretary نے Foreign Office میں بلا کر briefing دی اور انہیں تمام حالات سے آگاہ کیا اور آج مجھے پیغام ملا ہے کہ سعودیہ کے Foreign Minister پرنس فیصل مجھ سے بات کرنا چاہتے ہیں اور obviously یہی item ہو گا کیونکہ یہی اس وقت دنیا میں under

discussion ہے اور ان کے ساتھ ساڑھے سات بجے کا وقت طے ہوا ہے اور جتنے Missions کل available نہیں تھے انہیں آج Foreign Office briefing دے رہا ہے۔

ہم ہر لحاظ سے الحمدللہ تیار ہیں اور ہم نے کل قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے کے مطابق یہ categorical understanding دی ہے اور ایک press briefing بھی کی جس میں نہ صرف یہ فیصلے share کیے بلکہ sentiments بھی بتائے کہ اگر پاکستان کی طرف کسی کی adventurism کی خام خیالی ہے تو وہ بھول جائے، پاکستان کی armed forces پوری طرح تیار ہیں۔ دیکھیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک nuclear قوت بنایا ہے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایک میزائلی قوت بنایا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اللہ کے فضل و کرم سے اگر خدانخواستہ کسی نے بھی ہماری طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو اسے ویسا ہی جواب ملے گا جیسا انہیں ماضی میں جواب ملا تھا تو بہتر ہے کہ وہ یہ غلطی نہ کریں کیونکہ اس غلطی سے اس region کا جو peace, stability, growth, development ہے اور اس region کی poverty alleviation کے لیے جو کام ہو سکتے ہیں وہ نہیں ہو رہے ہیں۔

Already India is a big cause for all these irritants.

کئی دہائیوں پہلے SAARC کا ایک بہت اچھا forum بنا اور وہ صرف ایک ملک کی وجہ سے non-functional ہوا ہوا ہے۔ تمام سارک ممالک چاہتے ہیں کہ SAARC کو آگے لے کر جایا جائے لیکن ایک ملک اسے right, left, center اس کے خلاف ہے اور اسے نہیں چلنے دیتا ہے حالانکہ دنیا کے کتنے economy blocks ہیں جیسا کہ EU, SCO, ASEAN کو دیکھ لیں۔ آپ جتنے بھی blocks دیکھیں گے اور جب یہ blocks بنتے ہیں تو ان کے mutual benefits ہوتے ہیں یہ نہیں ہوتا کہ کسی ایک ملک کو فائدہ ہو رہا ہوتا ہے لیکن اس خطے کا جو block ہے جسے SAARC کہتے ہیں وہ صرف ایک ملک کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے آگے نہیں جا رہا۔

ان حالات کے پیش نظر میں نے اپنے دوستوں سے informal meeting میں عرض کیا کہ کابل میں کیا ہوا اس کی تفصیل میں کسی اور وقت آپ سے تفصیل سے عرض کروں گا، کابل میں جب سے 2021 کے بعد سے interim Government آئی ہے تو 19 اپریل

بروز ہفتہ کو میں نے ایک دن کا high level visit کیا۔ ان کے وزیراعظم صاحب سے تفصیل سے بات چیت ہوئی، تمام چیزیں جس میں political, refugees, economy, trade ہر چیز پر کھل کر بات ہوئی۔ میرے ساتھ senior delegation تھا جس میں Secretary Commerce, Secretary Interior, Secretary Railways تھے لیکن اس کی تفصیل آج نہیں بلکہ آپ جب بھی موقع دیں گے وہ میں آپ سے عرض کروں گا کہ ہم نے انہیں بڑا categorical message دیا ہے، ان کے soil پر اپنے counterpart Foreign Minister متقی صاحب کے ساتھ کھڑے ہو کر میں نے یہ کہا ہے کہ نہ آپ اپنی سرزمین کسی کو بھی ہمارے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال کرنے دیں گے اور نہ ہی ہم کرنے دیں گے۔ APS کے واقعہ کے بعد یہ بات ہمارے National Action Plan میں موجود ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے ہم اس پر عمل کر رہے ہیں۔

اس کے بعد Sunday and Monday کو ڈھاکہ کا ایک visit تھا لیکن ان حالات کی وجہ سے حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ میں اپنا وہ visit کچھ دیر کے لیے postpone کروں تاکہ ہم سب ملک میں رہیں اور جو بھی developments ہوں کیونکہ پارلیمنٹ موجود ہے جس کے صلاح مشورے اور guidance سے اس معاملے کو آگے لے کر چلیں گے۔ ان شاءاللہ حکومت اپنا فرض ادا کرے گی اور جو resolution on behalf of the whole House ابھی میں نے پیش کرنی ہے وہ میں پڑھ دیتا ہوں جس پر honourable Leader of the Opposition سمیت تمام Parliamentary Leaders اور اراکین نے sign کیے ہیں تو یہ سب کی joint ownership ہے، یہ پورے سینیٹ اور پوری قوم کی نمائندگی کرتے ہوئے، چونکہ یہ ایوان Federation اور چاروں صوبوں کی نمائندگی کرتا ہے یہ قرارداد اس کی عکاسی کرتی ہے تو جناب چیئرمین، آپ کی اجازت سے میں resolution پیش کرتا ہوں۔

"The Senate of Pakistan:

Condemns terrorism in all its forms and manifestations;

Emphasizes that killing of innocent civilians is contrary to the values upheld by Pakistan;

Rejects all frivolous and baseless attempts to link Pakistan with the Pahalgam Attack of 22nd April 2025 in Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir;

Condemns the orchestrated and mala fide campaign by the Indian government to malign Pakistan, which follows a familiar pattern of exploiting the issue of terrorism for a narrow political gain;

Condemns India's unlawful and unilateral declaration to hold the Indus Waters Treaty in abeyance in blatant violation of the Treaty which clearly amounts to an act of war;

Warns that Pakistan remains fully capable and prepared to defend its sovereignty and territorial integrity against any aggression, including water terrorism or military provocation as clearly demonstrated by its robust and valiant response to India's reckless actions in February 2019; and any misadventure by India will be met with a firm, swift and decisive response;

Emphasizes that the people of Pakistan remain committed to peace, but will never allow anyone to transgress the country's sovereignty, security, and interests;

Demands that India should be held accountable for its involvement in different acts of terrorism and targeted assassinations on the soil of other countries, including Pakistan; and

Reaffirms Pakistan’s unwavering moral, political and diplomatic support for and commitment to the Kashmiri people’s just struggle for realization of their inalienable right to self-determination.”

Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Thank you. Now, I put the resolution before the House.

*(The resolution was passed unanimously)*

Mr. Chairman: Now I give the floor to Leader of the Opposition.

*(The Chair recognize the presence of Mrs. Farhat Khan, Syed Ameer Muhammad and Sahibzada Faiz-ul-Hassan, Ex-MNAs, present in the galleries)*

جناب چیئرمین: جی قائد حزب اختلاف صاحب۔

**<u>Senator Syed Shibli Faraz (Leader of the Opposition)</u>**

سینیٹر سید شبلی فراز: (عربی) جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔آج کے دن جو resolution pass ہوا ہے اس میں بنیادی طور پر ہمارے دشمنوں کو اس House کا ایک collective message گیا ہے اور دنیا کو بھی ہم نے اپنے نقطہ نظر سے روشناس کرادیا ہے۔ بھارت کے ساتھ ہمارا جو تعلق ہے پہلے دن سے ہی انہوں نے ہمارے وجود کو نہیں مانا اور وہ ہمیشہ موقع کی تلاش میں رہے ہیں کہ کس طرح سے پاکستان کو نقصان پہنچایا جائے اور یہ مقصد حاصل کرنے کے لیے وہ ہر حد تک گئے ہیں۔ ہمارے ملک کو توڑنے میں بھی ان کا بہت بڑا ہاتھ تھا وہ الگ بات ہے کہ ہمارے بھی کچھ مسائل تھے جن سے ان کو ہمت ملی اور انہوں نے ہمارے ملک کو توڑنے میں بہت اہم کردار ادا کیا۔

بھارت کی یہ خواہش ابھی تک پوری نہیں ہوئی اور وہ ہر وقت موقع کی تلاش میں رہتا ہے کہ کس طرح سے پاکستان کو عالمی دنیا میں بدنام کیا جائے۔ ہمارے ملک میں terrorist activities کرنے والوں کی مدد کی جائے کلبھوشن اس کی ایک مثال ہے۔ اسی طرح بھارت نے ہر International forum پر نہ صرف ہماری مخالفت کی ہے بلکہ اس سلسلے میں وہ ہر حد تک گئے ہیں۔ جو مظالم یہ کر رہے ہیں Jammu Kashmir میں جس پر انہوں نے غاصبانہ قبضہ کیا ہوا ہے ساڑے سات لاکھ بھارتی فوج اس خطہ میں موجود ہے اور باوجود اتنی بڑی تعداد کے، پولیس اور باقی law enforcement اداروں کے علاوہ وہ ایک واقعہ جس میں معصوم tourists اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں ہم اس کو بہت strongly condemn کرتے ہیں۔ Opposition parties اور خاص طور پر PTI جس نے ہمیشہ پاکستان کی integrity کو، پاکستان کے interest کو سب سے مقدم رکھا یہاں تک کہ ہمارے لیڈر عمران خان نے کہا کہ میری جان سے بھی قیمتی پاکستان ہے۔

ان حالات میں دشمن اس تاک میں رہتا ہے کہ کس وقت جو اس کا حریف ہے اس کو کس وقت maximum نقصان پہنچایا جا سکتا ہے۔ یہ جو واقعہ ہوا اور اس کا الزام پاکستان پر لگانا یہ اس کی ایک بہت واضح مثال ہے جس میں انہوں نے بغیر کسی تردد کے الزام پاکستان پر لگا دیا ہے۔ وہ خطہ جس میں ساڑھے سات لاکھ فوج موجود ہے اس کی موجودگی میں اس قسم کا واقعہ ہونا ان کی competence پر بہت بڑا سوالیہ نشان اٹھاتا ہے۔

جناب چیئرمین! ہم نے یہ جو resolution pass کیا ہے یہ تو ہمارا فرض بھی تھا اور یہ ہماری duty بھی تھی اور ہم سمجھتے ہیں کہ ایسی صورت حال میں سب کو ایک ساتھ ہونا چاہیے اور ایک ہی پیغام جانا چاہیے لیکن اس کے ساتھ ہم نے یہ بھی دیکھنا ہے کہ ہمارا ملک پاکستان اس وقت کن حالات سے گزر رہا ہے اور ہمارے دشمن نے کیا سوچ کر اور کس timing کے ساتھ ہم پر یہ الزام لگایا ہے۔ دشمن دشمن ہوتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ India نے ہمارے ساتھ ہمیشہ دشمنی کی ہے۔ RSS کی ideology کو ان کے Prime Minister اس وقت مکمل طور پر implement کر رہے ہیں۔ جس میں مسلمانوں پر علیحدہ ظلم ہو رہے ہیں، occupied

Kashmirمیں ان کے مظالم جاری ہیں لیکن India کو پاکستان سے کیا چیز مختلف بناتی ہے۔ Indiaایک بڑا ملک ہے جس میں کہ مختلفreligionsکے لوگ، مختلف طبقوں کے لوگ رہتے ہیں۔ یہ ہمیں ماننا پڑے گا دیکھیں آپ دشمن کی کسی ایسی بات کو نظر انداز نہیں کر سکتے کہ باوجود اتنے بڑے اورmultiple backgroundsکے لوگ، مذاہب کے ہوتے ہوئے ترقی کر رہا ہے۔ انہوں نے اپنی economy کو بہت بڑا کر لیا ہے internationally they matter,

whereas unfortunately we don't matter. Why?

اس کی جو بنیادی وجہ ہے وہ یہ ہے کہ democracyکیا ہوتی ہے، democracyاس ملک کی عوام کی منتخب کردہ نمائندے اس ملک کے بارے میں فیصلے کرتے ہیں۔ Indiaمیں اور اس کے لیے صاف اور شفاف electionsکا ہونا بہت ضروری ہے۔ ہم نے کبھی نہیں سنا کہ وہاں electionsمیں کوئیcontroversyہوئی ہو کہ یہ free and fair electionsنہیں ہوئے۔ جب کہ ہمارے ہاں ہر electionمیں کہتے ہیں کہ 1971کا جو electionتھا وہ comparatively free and fairتھا۔ لیکن ہمارے ملک میں ہر electionمتنازعہ رہا ہے اور اس کی انتہا ہم نے 2024 میں دیکھی اور اس electionکو پاکستان کی تاریخ کا سب سے زیادہ متنازعہ electionسمجھا جاتا ہے۔ اس پر سب national and Internationalreports printہوئی ہیں۔ اس کے علاوہ PILDAT and FAFEN کی بھی reports چھپی ہیں۔ ایک تیسرا بھی ہے جنہوں نے بہت تفصیل کے ساتھ reportsدی ہیں۔

جناب چیئرمین! ہمارا ملک تب ہی مضبوط ہو سکتا ہے، ہماری economyاس وقت تک کمزور رہے گی جب تک یہاں کی عوام کے منتخب کردہgenuineلوگ ان ایوانوں میں نہیں بیٹھیں گے۔ جو جمہوریت ہوتی ہے وہ آپ کو ایک legitimacyدیتی ہے، بد قسمتی سے اس legitimacyپر اس وقت بہت سوالیہ نشانات ہیں۔ اگر ہم نے اپنے ملک کو ایک ترقی یافتہ، خوشحال، پر امن ملک بنانا ہے تو ہمارے ملک میں ایک national cohesion ہونی چاہیے جو کہ اس وقت نہیں ہے۔ اس وقت تمام صوبوں کا ہر ایک unitاپنے اپنے مسائل میں الجھا ہوا ہے۔

اس وقت پورے وفاق، بلوچستان، خیبر پختونخوا، سندھ اور پنجاب سب کے اپنے مسائل ہیں۔ پنجاب کے مسائل نسبتاً کم لیکن کسان طبقہ بری طرح پس رہا ہے۔ پنجاب میں کسان طبقہ کو اللہ تعالیٰ کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ ہم یہ جو resolution پاس کرتے ہیں اس میں اگر ہم نے حقیقی روح پھونکنی ہے کیونکہ جب تک آپ کے الفاظ کے پیچھے ایک قوت نہیں ہو گی اور وہ قوت کیسے پیدا ہوتی ہے؟ وہ قوت پیدا ہوتی ہے moral support اور legitimacy کی۔ جب تک یہ دونوں چیزیں نہیں ہوں گی، آپ کے الفاظ کھوکھلے نظر آئیں گے۔

جناب چیئرمین! اس وقت ملک کی سیاسی اور معاشی صورت حال میں ہم اتنے vulnerable ہو چکے ہیں کہ نہ ہماری خارجہ پالیسی کے کوئی نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ ہماری معیشت تین چار billion dollar پر depend کرتی ہے کہ اگر وہ مل جائیں تو ٹھیک ہے ہمارے چند دن ٹل جائیں گے۔ بدقسمتی سے ہمیں اس واقعے میں کوئی اتنی International support نہیں ملی۔ اس کا جواب ظاہر ہے کہ Foreign Minister صاحب یا Leader of the House دیں گے۔ ایسی صورت حال میں جب ہم اپنے آپ کو اور اس ملک کو ایسی کیفیت میں پاتے ہیں کہ ہمارے ہمسائے جن سے عام طور پر تجارت کی جاتی ہے، بدقسمتی سے کئی دہائیوں سے ان کے ساتھ ہمارے تعلقات خراب ہیں۔ بھارت کے بارے میں تو بات سمجھ میں آتی ہے۔ ایران کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں۔ ان کے ساتھ بھی تجارت درست طریقے سے نہیں ہو رہی ہے۔ ایران کے ساتھ بلوچستان کے بارڈر پر 1200 ٹرک پانچ ماہ سے پھنسے ہوئے ہیں۔ آپ Defence Minister کو دیکھیں۔ ایک طرف تو Foreign Minister نے ذکر کیا کہ یہ افغانستان گئے تھے اور وہاں سے پر ان کو engage کیا اور trade کی بات ہوئی اور باقی چیزوں پر بھی بات ہوئی لیکن اگر آپ Defence Minister کے بیان کو دیکھیں تو انہوں نے افغانستان کے خلاف انتہائی اشتعال انگیز بیان دیے۔ تو اس کے بارے میں ہم کیا سمجھیں کہ حکومت کی کوئی direction یا کوئی clarity ہے یا یہ ویسے ہوائی fire کر رہے ہیں؟ ایسی صورت حال میں جس میں ہماری IMF economy کے تابع ہے۔ ایسے وقت میں کہ جب ہماری foreign policy کے کوئی صاف خدوخال نہیں ملتے۔ تیسری طرف ہمارے ملک کے جو اندرونی حالات ہیں وہ بھی اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ ہم ایک ملک کے طور پر نظر آئیں کہ جس میں جب تک ہماری

economy کمزور ہوگی تو ہماری foreign policy مضبوط ہو ہی نہیں سکتی۔ یہ ایک بنیادی اصول ہے کہ until and unless you are economically strong you will be strong in your foreign policy, and vice-versa. ہم ہر دوسرے مہینے جا کر IMF سے خیرات مانگتے ہیں۔ ہم صرف باتیں کریں گے کہ ہم ملک کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہم ملک کا دفاع کریں گے۔ اس کے کیا معنی ہیں۔ وہ ایک hollow words ہیں۔ پاکستان میں اس وقت جس چیز کی شدید کمی ہے وہ national cohesion ہے۔ National cohesion کیسے بنے گی؟ کیسے اس کو حاصل کیا جائے گا؟ National cohesion آپ حاصل نہیں کر سکتے جب تک آپ کا سیاسی عدم استحکام ہو۔ National cohesion کیسے حاصل ہوگی۔ آپ دیکھیں کہ ایک طرف مقبوضہ کشمیر میں مظالم ہو رہے ہیں۔ اس وقت ملک کی جو صورت حال ہے اس میں کوئی ایک ایسی پارٹی نہیں ہے جو کہ یہ claim کر سکے وہ پوری فیڈریشن میں اپنی نمائندگی رکھتی ہے ماسوائے تحریک انصاف کے۔ پاکستان تحریک انصاف ایک ایسی جماعت ہے جس کے لیڈر عمران کی ایک اس ملک کے ساتھ محبت، commitment اور ملک کے عوام کی بھلائی اور خوشحالی کے لیے جو vision دیا ہے اس کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ اس قسم کے حالات میں کہ جب انڈیا نے ہمیں دبانے کی ایک ناکام کوشش کی ہے لیکن جب اسی طرح کا ایک واقعہ 2019 میں پلوامہ والا ہوا تھا تو اس میں کتنی clarity تھی جو کہ ہمیں موجودہ حکومت میں نظر نہیں آتی۔ ان کا جو بیان تھا۔ جو نہی یہ واقعہ ہوا تھا تو اس میں بڑا clearly کہا تھا اور میں خان صاحب کو quote کرتا ہوں۔

"I am making absolutely clear to the international community that if India was to be reckless enough to conduct the false flag operation against Pakistan, it would confront a strong national Pakistani resolve and be given a befitting response at all levels of the threat. Make no mistake."

اس بیان میں ایک clarity اور moral authority ہے۔ ایک لیڈر بول رہا ہے جو کہ 24 کروڑ عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس وقت صورت حال کیا ہے؟ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ

ایک طرف حکمران کھڑے ہیں اور پوری قوم دوسری طرف کھڑی ہوئی ہے۔ ایسی صورت حال میں آپ کیسے national cohesion کر سکتے ہیں۔ آپ اپنی economy کو کیسے improve کر سکتے ہیں جبکہ پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے لیڈر کو سیاسی مقدمات بنا کر چھ سو دنوں سے زیادہ ہوگئے ہیں کہ پابند سلاسل کیا ہوا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور کارکنان کو جیلوں میں ٹھونسا ہوا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں کبھی اتنے سیاسی قیدی نہیں تھے جتنے آج موجود ہیں۔ Human Right violations کے کتنے ریکارڈ قائم ہوئے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے اراکین دو سالوں سے جیل میں پڑے ہوئے ہیں۔ شاہ محمود قریشی، اعجاز چوہدری اس ہاؤس کے ممبر ہیں جس کو ہم اس ہاؤس میں لا نہیں سکے۔ یاسمین راشد اور عمر چیمہ بھی جیل میں ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس پارٹی کا لیڈر عمران خان کو آپ نے پابند سلاسل کیا ہوا ہے۔ عمران خان کی آج ضرورت ہے۔ وہ کس لیے، کیونکہ وہ سب کو جوڑ سکتا ہے۔ اس نے ہمیشہ پاکستان کو جوڑنے کی بات کی ہے۔ اس نے کبھی بھی ایسی بات نہیں کی جس سے کہ صوبائیت کا تاثر ملے۔ اس نے ایک قوم پاکستان کی بات کی ہے۔ آج ایک طرف رکھیں۔ دیکھیں پاکستان ایک اہم ملک ہے۔ اس ملک کے لیے ہمیں ایک ایسا لیڈر چاہیے جس کی سارے صوبوں میں بات کو سنا جائے۔ جو پاکستان کے عوام کو جوڑے۔ اس کو ہم نے جیل میں رکھا ہوا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس کو بلائیں کیونکہ وہ اس ملک کا ex-Prime Minister رہ چکا ہے۔ کیا یہ ضروری ہے کہ ہم نے ہر ex-Prime Minister کو ایک مثال بنانا ہے؟

چیئرمین صاحب! یہ ملک تب تک ٹھیک نہیں ہو سکتا جب تک کہ یہاں پر عوام کے حقیقی نمائندے نہ آئیں، free and fair elections نہ ہوں۔ جب تک free and fair elections نہیں ہوں گے، جب تک حقیقی نمائندے نہیں آئیں گے، ملک میں stability نہیں آسکتی، political legitimacy نہیں آسکتی۔ ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ ہمیں جو challenges درپیش ہیں، چاہے وہ ملکی سطح کے ہوں یا بیرونی سطح کے ہوں، ان کے لیے ہمیں ایک strong economy چاہیے۔ ایک strong economy اس وقت تک نہیں آسکتی جب تک کہ ملک میں سیاسی استحکام نہ ہو۔ یہ لازم و ملزوم ہے۔

ہمیں یہ نہیں سوچنا چاہیے کہ ہم سورج کو اپنے ایک انگوٹھے کے پیچھے چھپالیں گے یعنی ہم عمران خان کو جیل میں ڈال دیں، پاکستان تحریک انصاف کے لوگوں کو ہم جیلوں میں ٹھونسیں، ان کے خلاف سیاسی مقدمات بنائیں اور عدالتیں بھی نہ سنیں۔ چھبیسویں ترمیم اسی ہاؤس سے منظور ہوئی ہے۔ اس کے نتائج تو ہم نے ابھی دیکھ لیے ہیں کہ کس طرح سے executive نے عدلیہ کو اپنے under کرلیا ہے۔ ہمارے cases نہیں سنے جاتے۔ کل ہم پورا دن خوار ہوئے۔ سینیٹ میں لیڈر آف دی اپوزیشن اور قومی اسمبلی میں لیڈر آف دی اپوزیشن خوار ہو رہے ہیں، پھر رہے ہیں، ان کی flag car کو بھی کوئی اہمیت نہیں دیتا۔ یہ ریاست کے نمائندے ہیں۔ آپ ان کو mistreat نہیں کر سکتے۔ آپ ان کو ridicule نہیں کر سکتے۔ شبلی فراز کی بات نہیں ہے، عمر ایوب کی بات نہیں ہے۔ Leader of the Opposition is a constitutional office. آپ اگر اس کی تضحیک کریں گے تو اس کے عہدے کی تضحیک کریں گے۔ Due process is not being followed. ہمارے مقدمات نہیں لگتے۔ جب تک یہ ہوگا، آپ expect نہ کریں کہ ملک آگے جائے گا۔ مقصد صرف power میں رہنا نہیں ہے جو اِن کا problem ہے جو کہ اس وقت حکومت میں ہیں۔ اقتدار میں رہنا کافی نہیں ہوتا۔ میں کہتا ہوں کہ اگر ہمیں آپ آج اقتدار دیں، ہم نہیں لیں گے۔ ہم یہ سب کچھ اقتدار کے لیے نہیں کر رہے۔ ہم ایسی منافقانہ سیاست کو بھی ردّ کرتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ سیاسی جماعتیں منافقت سے باہر نکل کر اپنا کردار ادا کریں جو کہ کئی جماعتیں نہیں کر رہیں۔ ان کا ایک جگہ پر ایک opinion ہوتا ہے، دوسری جگہ دوسرا ہوتا ہے۔ کھانے کے دانت اور، دکھانے کے اور۔

جناب! میں آخر میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اگر ہم اس ملک کو اکٹھا رکھنا چاہتے ہیں، اگر ہم اس ملک کو۔۔۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ جمعتہ المبارک سنائی دی)

سینیٹر سید شبلی فراز: میں آخری دو منٹ میں اپنی بات کو سمیٹ رہا ہوں۔ جب تک ہم اس ملک میں free and fair انتخابات نہیں کروائیں گے، جب تک ہم real representatives of people کو ایوانوں میں نمائندگی نہیں دیں گے، جب تک ہم

superiority and rule of law کو اس ملک میں introduce نہیں کریں گے جہاں پر کہ عدالتیں آزاد ہوں، ججز آزاد ہوں، یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم توقع رکھیں کہ یہ ملک ترقی کرے گا۔

اس ملک میں دہشت گردی ہو رہی ہے لیکن اگر آپ اعداد و شمار دیکھیں تو جو terrorists ہیں، ان کے facts منگوالیں، ان میں سے 97 فیصد لوگوں کا تعلق پاکستان تحریک انصاف سے ہوگا جن کو ATC کے مقدمات میں اندر کیا گیا ہے۔ اگر حالت یہ ہے جس میں اصل terrorists پر کوئی توجہ نہیں اور اس پر کوئی کام نہیں ہو رہا کیونکہ ان کی تعداد ہی بتاتی ہے۔ میں آپ سے request کروں گا کہ یہ facts منگوائیں کہ اس وقت پاکستان میں terrorism related مجرمان کتنے ہیں، جو hard core and real terrorists ہیں اور وہ بھی جو political workers ہیں جو کہ پاکستان تحریک انصاف کے ہیں۔ ان میں سے پاکستان تحریک انصاف کے ورکرز 97 فیصد ہوں گے جن کو terrorism کے مقدمات کے نیچے اندر رکھا گیا ہے۔

میں چاہوں گا کہ یہاں پر جن چند اراکین کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے، وہ اس بات کو support کریں۔ ایک ہاؤس جس میں خیبر پختونخوا کی نمائندگی پوری نہیں ہے اور اس کے لیے کوئی آواز بھی نہ اٹھائے تو یہ کیسی منافقت ہوئی۔ آپ جب تک اس ہاؤس کو پورا نہیں کریں گے، بات آگے نہیں بڑھے گی۔ آپ نے resolution پڑھ لی، ٹھیک ہے، سب کچھ ٹھیک ہے، ہم کھڑے ہیں، ملک کے ساتھ کھڑے ہیں، سب کے پیچھے کھڑے ہیں لیکن آپ مجھے بتائیں کہ اس ہاؤس میں خیبر پختونخوا جیسے صوبے کی نمائندگی نہیں ہے۔ کیوں نہیں ہے؟ پھر آپ کیا توقع رکھتے ہیں؟ کیوں نہیں ہے؟ یہ سوال ہر فورم پر ہم اٹھاتے رہیں گے کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو کیوں disenfranchise کیا جا رہا ہے؟ ان کا قصور کیا ہے؟

آخری بات، the best and the strongest line of defence آپ کی economy ہوتی ہے۔ وہ جو ہر روز قرضے مانگ رہا ہو، اس کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔ اس وقت international order تبدیل ہو رہا ہے، آپ ایسا نہ سمجھیں کہ یہ possible نہیں ہے کہ کل IMF جیسے ادارے کو بھی ختم کر دیا جائے تو ہم کدھر جائیں گے؟ باقی تو ہماری خیر خیریت ہے۔ نہ ہم نے economy میں کوئی strength لائی ہے، بس اپنے اقتدار میں اِدھر گئے، اُدھر

گئے، نظر آئے کہ یہ کیا اور وہ کیا لیکن ملک کو ایک خاص طبقہ جسے ہم elite کہتے ہیں، وہ اس ملک سے benefits لے رہا ہے۔ پاکستان کے عوام مہنگائی میں دبے ہوئے ہیں، انہیں کوئی مستقبل بھی نظر نہیں آ رہا، پھر ہم اوپر سے یہ باتیں کرتے ہیں۔ جب تک یہ چیزیں نہیں ہوں گی، قانون کی بالادستی نہیں ہو گی، عمران خان کو باہر نہیں لایا جائے گا، عمران خان جب تک اندر ہے، سیاسی استحکام نہیں آ سکتا۔ اگر آپ اس ملک اور federation کو اکٹھا کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو عمران خان پر بنائے جانے والے سیاسی cases کو ختم کرنا ہوگا۔ اسے باہر لانا ہوگا۔ وہی ایک شخص ہے کہ جو اس ملک کو جوڑ سکتا ہے۔ اور کوئی نہیں کر سکتا۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: I want to make an announcement. A delegation comprising of Advocates of Supreme Court of Pakistan, are present in the box. We welcome them to the Senate of Pakistan. Mr. Aimal Wali Khan has the floor.

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ریاست پاکستان کے لیے اور ہم سب پاکستانیوں کے لیے ایک بہت اہم دن ہے۔ جو ماحول بنا ہوا ہے، اس کی ایک خصوصیت ہے اور ہم بھی چاہتے تھے کہ اسی ماحول پر بات کریں لیکن یہ جو طعنوں معنوں میں بات ہو جاتی ہے تو سیاستدان تو سمجھ جاتے ہیں، بدقسمتی یہی ہے۔ Sir, first of all میں آپ سے اور اپنے تمام colleagues سے یہ request کروں گا کہ کم از کم اس ادارے کا تقدس رکھتے ہوئے ادھر[1][***], [***], [***], [***] اور [***] کی تصویریں نہ لائی جائیں۔ اس پر پابندی لگائیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر ایمل ولی خان: میں نے کس کا نام لیا؟ کیا میں نے عمران خان کا نام لیا؟ کیا وہ [***] ہے؟ کیا وہ [***] ہے؟ کیا وہ [***] ہے؟

---

[1]*[Words expunged as ordered by the Chairman].*

Mr. Chairman: Address the Chair, please.

سینیٹر ایمل ولی خان: کیا وہ[2] [***] ہے؟ کیا وہ [***] ہے؟ خدا کا خوف کرو۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Senator Aimal Wali Khan! continue, please.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Order in the House, please.

سینیٹر ایمل ولی خان: میں یہ request کروں گا کہ اس ادارے کا تقدس رکھتے ہوئے یہاں [***] کی تصویروں پر پابندی لگانی چاہیے۔

Mr. Chairman: I expunge the words.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: I have expunged the words. Yes, Leader of the House.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب! میں آپ کے توسط سے یہ گزارش کروں گا کہ آج ہم نے national unity demonstrate کرنی ہے۔ مہربانی کر کے ایسی کسی بھی چیز کو avoid کریں جس سے حالات یا atmosphere خراب ہو۔ ہم نے آج کے دن جس spirit کے ساتھ کام کیا اور جس spirit کے ساتھ resolution پاس کی، میں سمجھتا ہوں کہ جو میرے بھائی honourable Senator کہہ رہے ہیں، وہ ٹھیک کہہ رہے ہیں لیکن it can be misconstrued.

---

[2]*[Words expunged as ordered by the Chairman].*

Mr. Chairman: I have expunged the words. Senator Aimal Wali Khan! complete your speech, please.

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! میں یہ request کروں گا کہ I and we all have the right and freedom to speak. آپ کو ہماری بات بری لگتی ہے تو برداشت کریں کیونکہ ہم نے بھی برداشت کی ہے اور ساری زندگی برداشت کی ہے۔ اگر میری بات غلط ہے تو کوئی کہہ دے کہ غلط ہے ورنہ ہم بھی پھر جا کر قیدیوں کی تصویریں لا کر سینیٹ سجا دیں گے۔ پاکستان کے بہت قیدی ہیں۔ کوئی کس وجہ سے قید ہوگا اور کوئی کس وجہ سے۔ ہم ان کی تصویریں لا کر سجا دیں گے۔ سینیٹ میں اس پر پابندی لگائیں۔ اب میں اپنی بات کی طرف آتا ہوں۔ انڈیا نے جو حرکت کی، وہ بالکل ایک شرمناک حرکت ہے۔ ہم اس act اور اس پورے drama کو condemn کرتے ہیں۔ میں آپ تمام کی توجہ کی نشاندہی ایک طرف کرنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان میں اس عمل کے بعد مودی کو انگریزی میں تقریر کیوں کرنی پڑی؟ شاید وہ انہیں سنا رہا تھا جنہیں انگریزی سمجھ آتی ہے۔ As far as the sovereignty of the country is concerned, پاکستان کا ہر شہری اس پر clear اور واضح ہے کہ ہم اس پر کسی کو سوال اٹھانے نہیں دیں گے اور صرف ہندوستان نہیں بلکہ کسی بھی ملک کو ہم آرام سے پاکستان پہ حملہ یا قبضہ کرنے نہیں دیں گے۔ ادھر باتیں ہوئیں۔ ابھی اگر انہی باتوں کا جواب دیں گے تو پھر لڑائی شروع ہو جائے گی۔ 26ویں آئینی ترمیم جو کہ ابھی ادھر پی ٹی آئی کے لوگ بھی بیٹھے ہیں، ان کے ساتھ مل کے ایک نتیجے پر پہنچی۔ میں ایک سوال اٹھاؤں گا کہ جس دن یہ آئینی ترمیم پیش ہو رہی تھی اور اس پر voting ہو رہی تھی، اپوزیشن لیڈر صاحب کہاں تھے کیونکہ پی ٹی آئی والوں نے تو یہ الزام لگایا تھا کہ جو نہیں تھے، وہ بک گئے تھے۔ انہوں نے ان تین کا نام تو لیا لیکن اس دن اور لوگ بھی نہیں آئے تھے۔ لہٰذا ایسا نہ کریں۔

جناب! ہم سب یہ سمجھتے ہیں کہ وہ لوگ دوغلے پن کی باتیں کرتے ہیں جن کا ایک نظریہ نہیں رہا۔ دوغلے پن کی باتیں وہ کرتے ہیں جو اپنے اکابرین اور ان کے نظریے کو ختم کر کے ادھر خدمتیں کروا رہے ہیں۔ ہم مشکور ہیں حکومت کے کہ اگر ادھر سے Indus Waters Treaty ختم ہوا ہے تو ادھر سے شملہ معاہدہ ختم کر رہے ہیں لیکن یہ سب ان کے ساتھ کریں۔ کم از کم یہ دونوں مل کر 1973 کے آئین اور 18ویں آئینی ترمیم پہ حملہ نہ کریں۔ جب ملک کی بات آئے گی،

ہم بالکل ملک کے لیے کھڑے ہیں لیکن جس طرح پاکستان کو اپنے نہروں کے پانی سے پیار ہے، اسی طرح ہمیں اپنے قدرتی وسائل سے پیار ہے۔ جس طرح آپ کو تکلیف ہو رہی ہو گی، اس طرح ہمیں بھی تکلیف ہے اوراس کام میں ہم دونوں ایک ہیں۔ الحمدللہ اس کام میں ادھر والے بھی اور ادھر والے بھی IPhone pro and IPhone Pro Max کی طرح ایک ہی جگہ لگے ہوئے ہیں۔ میں condemn کرتا ہوں اور پاکستان پیپلز پارٹی کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے جو نہروں کا مقدمہ ہے، ان شاء اللہ اسے جیت لیا ہے۔ میں حکومت سے گزارش کروں گا کہ جو باقی اقوام ہیں، اگر وہ بلوچ ہو یا پختون، ان کی شکایات بھی اسی طرح دور کی جائیں۔ ان کے زمینوں پر، ان کے minerals and mines پر، ان کے جنگلات پر اور بہت کچھ ہے جس پر دن دہاڑے ڈاکا ڈالا جارہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ آئین پاکستان کی روح کی مخالفت ہے۔ اگر 1973 کے آئین کی جو بھی مخالفت کرے گا، ان شاء اللہ ہم اس کے ساتھ جانے کو تیار نہیں ہیں۔ پاکستان کا وجود 1973 کا آئین ہے اور اگر اسے ہٹادیں تو پاکستان کا وجود باقی نہیں رہتا لہٰذا اگر ملک کے اندر سے ہی مل بیٹھ کے جس طرح میں نے پچھلی دفعہ کہا کہ ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے پرویز انکل اور شبلی فراز، نہ بندہ رہا نہ بندہ نواز، مسلم لیگ (ن) اور پی ٹی آئی مل کر ہمارے صوبے پر ڈاکا ڈال رہے ہیں۔ ہم اس کی مذمت کرتے ہیں اور پھر ایوانوں سے آوازیں آتی ہیں کہ کسی کا باپ بھی یہ نہیں رکوا سکتا۔ یہ کیسی بات ہے؟ ایک طرف چوری، اوپر سے سینہ زوری۔

جناب! میرے خیال میں یہ وقت پاکستان اور پاکستان کی تمام اکائیوں کے اتحاد کا وقت ہے۔ آپ کو اپنے ساتھ تمام صوبوں کو ایک ہی صف میں کھڑا کرنا پڑے گا اور یہ تاثر نہ دیں کہ جو تاریخ سے ہمیں مل رہا ہے کہ پنجاب پاکستان ہے اور پاکستان پنجاب ہے اور سارے فیصلے پنجاب کے لیے ہوں گے۔ یہ تو اچھا ہے کہ نہروں کا معاہدہ رک گیا نہیں تو مجھے اس پر بھی بڑی تاریخی بات کرنی تھی۔ میں وہ چھوڑ دیتا ہوں۔ میں یہ request کروں گا کہ انہوں نے اٹاری بارڈر کی بجائے واہگہ بارڈر بند کر دیا۔ کرتار پور کیوں کھلا چھوڑا ہے؟ مجھے تو یہ discrimination لگ رہی ہے۔ کیا انڈیا نے یہ کہا کہ پاکستان کے جتنے بھی مسلمان ہیں، ان کو اجازت ہے اور وہ اجمیر شریف آئیں۔ اگر نہیں تو پھر آپ کیوں discrimination کر رہے ہیں کہ فلاں قوم آئے اور فلاں نہیں۔ یہ بھی

نیت کی بات ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگرborders بند کئے جائیں تو across the boardسب بند کئے جائیں۔ اگر نہیں تو کسی کو بھی نہیں۔۔

جناب! جنگ نہ مسئلے کا حل ہےاور نہ جنگ سے کوئی فائدہ ہوگا۔ وہ اگر دونوں طرف ہیں، جولوگ جنگ کرنا چاہ رہے ہیں، وہ اگر ہندوستان کی طرف ہوں، زیادہ غلطی ان کی ہے کیونکہ وہ پہل کررہے ہیں۔ یا اگر اِدھر سے ہم کہیں کہ بالکل نہیں بھائی جنگ کررہے ہیں تو مجھے بتائیں کہ فائدہ کس کو ملے گااور کیافائدہ ملے گا۔ دونوں ممالک اتنی طاقت رکھتے ہیں کہ وہ ایک دوسرے کو تباہ وبرباد کردیں۔ ایٹم بم ہے۔ للٰذا میں یہ سمجھتاہوں کہ ہندوستان میں وہ لوگ جو امن چاہتے ہیں، جن کا نظریہ عدم تشدد ہے، جوآر ایس ایس کے خلاف ہیں، جو انتہاپسندی کے خلاف ہیں، ہندوستان میں ان سب کوآواز اٹھاکر امن کا پیغام دیناہوگااور ہم پاکستانیوں کو بھی اپنے ملک، اپنے وطن، اپنی سرزمین اور اپنے بچوں کی خاطر امن کے نعرے اور امن کے پیغام اٹھانے ہوں گے۔ میں بذات خود اپنےآپ کو پیش کرتاہوں کہ اگر کوئی بھی dialogue کرنا ہے، بات کرنی ہے تو ان شاء اللہ میں رضامندی سے پاکستان کی خاطر اپنےآپ کو پیش کرتاہوں۔ میں جاؤں گا، میں ان شاءاللہ بات کروں گا۔ ماحول ایسا بنائیں گے کہ بھائی چارے والاماحول بنے۔ ہم ہندوستان، چین، افغانستان، ایران، سب کے ساتھ ایک دوستانہ ماحول بنائیں گے۔ اگر کوئی ہمارے ساتھ ماحول خراب کرنا بھی چاہتاہے، ہم خراب نہ کریں کیونکہ اس میں ہماری قوم کا نقصان ہے، للٰذا قوم کا سوچتے ہوئے ہمیں امن کا پیغام دیناہوگا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شیری رحمان صاحبہ۔

سینیٹر شیری رحمان: جناب! جمعے کاوقت ہے۔ پانچ منٹ رہ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی آپ بات کرلیں۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! آج ہمارے لیےایک ایسا دن ہے جب تمام جماعتوں نےیک زبان ہو کر ایک اہم قرارداد منظور کی ہے۔ اس ایوان میں مل بیٹھ کر بھارت کو ایک پیغام دیا ہے۔ جہاں ایک ہولناک دہشت گرد حملہ ہوا ہے۔ اس حوالے سے نہ صرف اس ایوان نے مشترکہ طور پراس کی مذمت کی ہے، شدید مذمت کی ہے۔ Terrorism in all its

forms and manifestations, اس طرح کہہ کر شدید مذمت کی ہے۔ لیکن مذمت ضرور ہم کریں گے کیونکہ ہم خود دہشت گردی سے ایک طویل اور بہت ہی گھمسان کی جنگ لڑ رہے ہیں جس میں خود ہندوستان کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ یہ بات میں اس لیے کہہ رہی ہوں کہ وقت کم ہے لیکن صورت حال یہ ہے کہ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹ رہا ہے۔ صاف بات یہ ہے کہ جو شواہد پاکستان میں ملے ہیں، ہمیں تو ہندوستان نے کوئی شواہد نہیں دیے۔ بغیر کسی ثبوت کے منٹوں میں، پانچ منٹ نہیں گزرے تھے کہ پہلگام حملہ پاکستان پر پہنا دیا گیا۔as an attacker, as a sponsor. اب آپ مجھے بتائیں کہ اس geo-mapping اور satellite کے دور میں، جب سب کچھ نظر آتا ہے، جو بہت high security علاقہ ہے۔ جہاں ان کی اپنی security lapse ہوئی ہے، جو ان کے لوگ پوچھ رہے ہیں۔ ان کے اہلکاروں نے کہا بھی ہے کہ سیاحت کے لیے کھول دیا گیا تھا اور وہاں کی پولیس کو بھی مطلع نہیں کیا گیا تھا۔ ان کے اندر کی debate چل رہی ہے لیکن ہم ایک دوسرے سے سوال پوچھ رہے ہیں جمہور کا، کہ کیا ہماری حقیقی نمائندگی ہے یا نہیں۔ بالکل حقیقی ہے اور میں یہ ضرور کہوں گی کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے دوٹوک الفاظ میں ہمیشہ، جب بھی پاکستان پر کوئی میلی آنکھ اٹھی ہے تو ہمیشہ چاہے وہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ہوں، چاہے وہ وزیر خارجہ ہوں، چاہے وہ پارٹی کے چیئرمین اور ایم این اے ہوں یا ہمارے صدر، جناب زرداری صاحب ہوں یا جس طرح آپ کے پاس وزارتِ عظمیٰ تھی یا شہید محترمہ، اللہ انہیں جنت نصیب کرے، اعلیٰ مقام نصیب کرے۔

انہوں نے تو کشمیر کے لیے ایڑھی چوٹی کا زور لگایا تھا، 5 فروری کی چھٹی کا آغاز انہوں نے ہی کیا تھا کہ ایک یادداشت ہو۔ مقبوضہ کشمیر میں جو مظالم ہو رہے ہیں، اس کے ساتھ تو ہم مستقل مزاجی سے کھڑے ہیں۔ اپنے ساتھ جو بھی ہو رہا ہو، ہم پھر بھی ان باتوں کو سامنے نہیں لائے ہیں۔ میں افسوس سے کہوں گی کہ یہاں ایسی بات کی گئی کہ ہمارے لوگ نہیں ہیں، مطلب مودی سرکار نے شفاف انتخابات کیے ہیں، ان کے تو تین مخالفین جیل میں بیٹھے ہیں، ذرا اخبار کھول کر دیکھ لیں۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ میں اسے endorse نہیں کر رہی ہوں۔ ہمیں یہ نہ کہیں کہ ہندوستان کی جمہوریت پارسا ہے۔ وہاں اس وقت جو ہو رہا ہے، جو مظالم ڈھائے جا رہے ہیں، وہ دنیا دیکھ رہی ہے۔ ان کی مذہبی اقلیتیں تو دیوار سے لگ کر بالکل ختم ہونے کے قریب ہیں۔ وہاں کیا ہو رہا ہے، ان کی

properties چھینی جارہی ہیں، قوانین بن رہے ہیں، مقبوضہ کشمیر میں جو مظالم ہورہے ہیں، یہ اسی کے شاخسانے ہیں۔ وہاں تو لوگ خود کہہ رہے ہیں کہ آپ نے ہماری demographic, ethnic cleansing کی ہے۔ اگر نسل کشی غزہ میں ہورہی ہےتو اس سے زیادہ سالوں سے کشمیر میں ہورہی ہے۔ جہاں ethnic cleansing ہوتی ہےوہاں کون سی جمہور کی آپ بات کرتے ہیں؟ ملک کےاندر ethnic cleansing ہورہی ہے، نسل کشی ہورہی ہے، تواتر سے ہورہی ہے۔.It is one of the world's largest open prisons
پھر2021 میں وہ ٹینک چلاکر کہتے ہیں کہ ہم آپ کی آئینی حیثیت تبدیل کررہے ہیں۔

خان صاحب وزیراعظم تھے،ہمارے ساتھ briefing room میں اٹھ کر نہیں آئے۔ پلوامہ کی مذمت ہم نے کی لیکن میں یہاں پر یہ باتیں نہیں کرناچاہتی۔ ہم اس وقت پاکستان پر focus کررہے ہیں اور جو ہندوستان نے کیاہے۔ جناب چیئرمین! اس ایوان نے بالکل صحیح بات کہی ہے کہ جو water terrorism مودی سرکار کررہے ہیں، میں پہلے بھی اس ایوان میں کہہ چکی ہوں کہ water terrorism اور پانی کو ہتھیار بنانا، اس کو weaponise کرانا، اپنی پہلی term میں بھی ان کی خواہش تھی۔

جو Treaty ہر جنگ survive کرچکی ہے، 1965, 1971 اور کارگل کا جو فساد تھا، وہ ہر conflict survive کرچکی ہے۔ وہ untouched رہتی تھی کیونکہ دونوں فریق نے کہاتھا کہ .water is a fundamental right اب وہ اسے weaponise کرناچاہتے ہیں۔ ہم یہ ہونے نہیں دیں گے۔ایسی بات نہیں ہے کہ یہ پہلے دن سے نہیں چاہ رہے ہیں، میں اس ایوان کو یہ بھی بتاتی چلوں کہ 2024 میں انہوں نے پہلے ہی سےاس معاہدے کو غیر فعال بنانے کامذموم منصوبہ بنادیاتھا۔انہوں نےPermanent Indus Commission کو معطل کردیا،جہاں ساری information, data sharing جو ہمارےدریاؤں کی ہوتی ہے،جو water flow کی ہوتی ہے،وہ وہیں share ہوتی ہے۔ انہوں نےاسے معطل کردیا۔ جہاں کوئی objections raise ہونے ہوتے ہیں،گفت وشنید ہونی ہوتی ہے،وہ بھی ختم کردیاتھا۔ انہوں نے غیر رسمی طور پر PIC کو معطل کرکےاس پوری Treaty کو مفلوج کرنے کی پہلے سے کوشش کی ہے۔ جوانہوں نے کل،پرسوں کیاہے،یہ اس زنجیر کی ایک کڑی ہے،اس کاایک

حصہ ہےاور یہ بغیر سوچے سمجھے کرتے جارہے ہیں۔ ان کے عوام بھی اس وقت پانی کے حوالے سے سسکیاں لے رہے ہیں۔ اگر وہ اس روش پر چلنا چاہتے ہیں، اگر یہ precedent لگانا چاہتے ہیں تووہ سوچ لیں،ان کے بھی دریاکچھ تو دوسرے ممالک سے ملتے جڑتے ہیں، Brahmaputra دریا بھی کہیں اور سے آتا ہے۔ وہ اچھی طرح سوچ لیں۔ یہ پاکستان کے لیے کوئی بند گلی نہیں ہے۔اللہ کے کرم سے ہمارے پاس وسائل ہیں۔ہم اپنے وسائل ڈھونڈیں گے اورایسا کچھ نہیں ہو سکتا۔ ایک، دو، تین سال میں ان کو خود ہی پتا چل جائے گا۔ اس پورے خطے پر اس وقت ماحولیات کاجو یلغار ہے،ان کو لگ پتا چل جائے گا۔ کسی کو تڑپا کر ہم خوش نہیں ہوتے، یہ میں کہہ دوں۔ میں پیپلز پارٹی کی طرف سے بھی کہوں گی اور حکومت اور سارے دوستوں کی طرف سے کہ ہم کسی کو تڑپا کر خوش نہیں ہوتے، یہ ہماری خوشیوں کا یا کسی اور چیز کا دارومدار نہیں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ امن ہی سب کے لیے بہتر ہے۔ یہ اکیسویں صدی ہے، یہ دوسری جنگ عظیم کا دور نہیں ہے لیکن اگر وہ اسے واپس لانا چاہتے ہیں تو کوئی پیچھے نہیں ہٹے گا۔ وہ واپس لانا چاہتے ہیں تو ہم ان کو یہ نہیں کہیں گے کہ آیئے، پلیز، پلیز،آپ امن کی بات کیجیے کیونکہ ہم مستقل مزاجی سے کر چکے ہیں۔ جہاں کچھ دوستوں نے کل terrorism کے حوالے سے کہا، تو پاکستان نے مستقل طور پر ان کو joint terrorism پر مشترکہ طور پر کام کرنے کی بات کی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ آئیں اور پورے خطے میں دہشت گردی کے خاتمے کے حوالے سے ہمارے ساتھ کام کریں، انہوں نے کبھی ایک نہ سنی۔

If this is a real concern, then they should have joined hands with Pakistan to combat terrorism in any joint forum that they sought. I am sure Pakistan, no Government would have said no, even if it was a PTI's Government they would have said no. They are not generous enough to extend that to us. Let us be very clear, we are one Pakistan, we are a united Pakistan and no one can bring us to a war without decisive, firm, speedy and very clear action.

اگر وہ امتحان لینا چاہتے ہیں ہماری مسلح افواج کا یا ہماری عوام کا ہم سب ایک سیسہ پلائی دیوار ہیں۔ ہم نے بہت جنگیں دیکھی ہیں، I am from that generation جس نے 1965 کی جنگ دیکھی اور 1971 کی بھی جنگ دیکھی اور پاکستان اب بھی قائم ہے۔ جو باتیں وہاں شروع ہو گئی ہیں اس کا جواب یہ دینا چاہیے، وہاں پر ان کے legislators کھڑے ہوکے کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کو ختم کرنے کا اب وقت آگیا ہے۔ 1947 میں جو معاہدے ہوئے، معاہدہ کیا! کوئی معاہدہ نہیں تھا۔ پاکستان کا وجود ان کو پہلے دن سے کھٹک رہا ہے اور اب وہ باتیں پھر اندر سے آئیں۔ پھر بھی ہم نے، پاکستان کی ہر حکومت نے کوشش کی کہ ان کے جو wise-minded people ہیں، جو دور رس سوچ رکھتے ہیں ان سے بات چیت کی جائے تاکہ risk reduction ہو، یہاں پر دو nuclear countries ہیں، چیئرمین صاحب! آپ outer space میں جائیں تو آپ کو ایک بارڈر نظر آئے گا۔ Outer Space سے پوری دنیا میں ایک بارڈر نظر آتا ہے اور کچھ نظر نہیں آتا، ایک موٹی سی white line نظر آتی ہے، وہ بتیوں سے لگی ہوئی، satellite surveilled اور سب سے strong and hard border ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کا نظر آتا ہے۔ تو اتنی lights لگی ہوئی ہیں۔ آپ کے سات لاکھ لوگ تو مقبوضہ کشمیر میں اس علاقے میں تعینات ہیں، باقیوں کو گننا شروع کریں تو 15 لاکھ ہو گئے ہیں، تو وہ کیا کر رہے تھے؟ اگر infiltration ہوا تو انہوں نے ہمیں کیوں نہیں کہا، Infiltration تو ہو نہیں سکتا کیونکہ نظر آتا ہے، ان کی satellite کیا کر رہی تھی؟ ہم نے جب دیکھا کہ ہمارے ہاں infiltration ہو رہا ہے تو ہم نے ان کو مطلع کیا تھا۔

دوسری بات، a serving military officer پاکستان کے اندر پکڑا گیا ہے، Kulbhushan Jadhav Italian نہیں تھا اور نہ وہ Brussels سے آیا تھا، اس کی citizenship کہاں کی تھی۔ What was he doing in Pakistan and Balochistan? جہاں یہ routinely زہر گھولتے ہیں اور لوگوں کو arm اور ammunition narrative دیتے ہیں کہ تم لوگ پاکستان کی ریاست سے باغی بنو، ان کا یہ کام جاری و ساری ہے۔ میں تو کہوں گی کہ ریاست پاکستان کو ان کو اسی وقت expose کرنا چاہیے تھا جب جعفر ایکسپریس پر حملہ ہوا۔ ان کے بہت سے شواہد اور تانے بانے یہاں ملتے ہیں۔ اللہ نا

کرے! اگر پاکستان کا کوئی serving military officer وہاں جاسوسی کرتے پکڑا جاتا ہے تو انہوں نے بینڈ بجا دینا تھا، سر پر اٹھا لینا تھا کہ ہم یہ attack کریں گے، ہم وہ حملہ کریں گے۔ ارے بابا! آپ نے ٹیسٹ کر لیا نہ پلوامہ میں، چائے پی لی نا پاکستان کی، ابھی بھی پانی بہت ہے ہم دودھ کے ساتھ بھی بنا کر پلا دیں گے، mix چائے بھی مل جائے گی لیکن اور کوئی misadventure کرنا ہے؟ پاکستان کے ساتھ آپ نے اور تماشے کرنے ہیں تو یاد رہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اس ملک کو nuclear weapon دیا تھا، آپ کی برابری کا دیا تھا، اس پر بھی آپ نے پیر کھینچنے کی کوشش کی تھی۔

ہم نے اس خطہ کو militarized نہیں کیا، آپ نے کیا، آپ کی ساری military formations ابھی بھی Pakistan کے خلاف کھڑی ہیں، ان کی ساری command formation Pakistan کے خلاف ہے، پھر کہتے ہیں ہمیں تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ مسئلہ! آپ کو پاکستان سے obsession ہے، ہمیں تو آپ سے obsession نہیں ہے۔ ہم تو کہتے ہیں کہ ہم پرامن ہیں، ابھی بھی آپ نے de-escalate کرنے کی بجائے غیر ذمہ دارانہ actions کر رہے ہیں۔ آپ اپنے لوگوں کو risk میں ڈال رہے ہیں۔

These are two nuclear nations, with no risk reduction measures left. They want to go to war—this is an act of war. Pakistan does not like to go to war, but when we do, when we are provoked, we will not be losing anything to them. Sir, I am very clear. They have seen it. They tested our resolve in Pulwama. They may try other things and they turned LOC into hot.

وہاں ایک رات نہیں گزری ہے action شروع ہو گیا ہے، مقبوضہ کشمیر کے ساتھ LOC پر action شروع ہو گیا ہے۔ ہمارے فوجی وہاں موجود ہیں اور ان کے television channels زہر اگل رہے ہیں، ان کے legislators کیا کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کو ختم کر دیا جائے، جی یہ کوئی دکان نہیں ہے کہ آپ اسے ختم کر دیں۔ اچھی طرح سن لیں Pakistan is a nuclear country جس کی مسلح افواج اور اس کی عوام ایک بات پر ہم سب متفق ہیں، باقی

we are a democratic country with many ہمارے بہت فرق ہیں opinions, but we agree on one thing, Sir! that they cannot be an attack on Pakistan which will go unanswered. We are ready to deescalate, but only if you speak justly and fairly. We are not your vassal state, we will never become your vassal state. If that is what you are dreaming of, then be very clear. کسی نے یہ کہا کہ 1971 میں East Pakistan Bangladesh ختم ہو گیا۔ نہیں جی، ختم نہیں ہوا وہ Bangladesh بنا، جواب آپ سے بات نہیں کرنا چاہتا ہے۔آپ اپنے آپ کو بہت expert سمجھتے ہیں کہ ہم ملک توڑ توڑ کے حصے کریں گے۔ ہندوستان کے اندر جو ہو رہا ہے آپ وہاں دیکھیں۔ میرا تو خیال ہے sorry to say میں یہ کہنا نہیں چاہتی کہ false flag operation ہے، مگر جب بھی کوئی high level American جاتا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: Sir! I will conclude in one minute. جب بھی کوئی American جاتا ہے، وہاں مقبوضہ کشمیر میں اس طرح کا attack کیوں ہو جاتا ہے۔ سال 2000 میں جب Bill Clinton گئے تھے تو Chittisinghpora کا واقعہ ہو گیا اور وہ بھی پاکستان پر ڈال دیا۔ جو Madeleine Albright نے بعد میں کہا کہ ایسا نہیں ہے، یہ آپ کتابیں کھول کے دیکھیں۔ وہاں امریکہ کے نائب صدر موجود اور گھر سے ایک attack ہو گیا، میں نہیں کہہ رہی مگر یہ false flag operation کا نام دیا جارہا ہے جو لوگ کہہ رہے ہیں۔

So either it was a false flag, I am sorry, and you wanted to revoke the IWT because you have been wanting to, India, or it was a spectacular intelligence failure in illegally Indian occupied Kashmir and this is a cover-up. So we are united, we stand with each other and India should very

clearly know that a peace-loving nation when provoked has a lot to answer. Thank you very much.

Mr. Chairman: Considering the gravity of the matter and acknowledging that members would wish to deliberate on it thoroughly. We shall resume the discussion on Monday. Rest assured, every member will be given ample time and opportunity to voice their voice, views on this important issue and no other business will be taken up. The House stands adjourned to meet again on Monday, 28 April 2025 at 04:00 pm.

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Monday, 28th April, 2025 at 04:00 pm.]*

-------------------